رضی اللہ عنہ کی شہادت، وہ اندوہناک سانحات ہیں جنھوں نے تاریخ اسلام کا رخ موڑ کر رکھ دیا اور اُمت مسلمہ کو وہ نقصانات پہنچائے کہ جن کی تلافی کبھی ممکن نہ ہوسکی۔

سیرت عبداللہ بن زبیرؓ ، جناب طالب الہاشمی کی اسی دور سے متعلق ایک گراں قدر تصنیف ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے دورِ خلافت کے بعد پہلی صدی ہجری کی پانچویں، چھٹی اور ساتویں دہائی میں مسلمانوں پر گزرنے والے خونیں حادثات کی بالعموم اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی داستانِ شجاعت اور بالآخر ۷۳ ہجری میں حجاج بن یوسف کے ہاتھوں ان کی شہادت، اس سفاک کے ہاتھوں ان کی لاش کی بے حُرمتی اور اس دردناک منظر کو دیکھ کر ان کی عظیم ماں حضرت اسماءؓ کے بے مثال صبر، جذبۂ ایمانی اور قوتِ استقلال کی کہانی کو بالخصوص اختصار لیکن بڑے جامع انداز میں بیان کر دیا ہے۔ انھوں نے اس عظیم صحابی رسولؐ کی سیرت و شجاعت کو جس طرح رقم کیا ہے، اس سے ان کی پوری زندگی اور عظیم قربانی کا پورا نقشہ نظروں کے سامنے آجاتا ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے سے قاری کو اچھی طرح احساس ہونے لگتا ہے کہ دین حق کو دشمنوں کی سازشوں سے محفوظ رکھنے کے لیے نبی کریمؐ کے گھرانے اور صحابہ کرامؓ نے جو قربانیاں دیں ان کی مثال نہیں ملتی، اور واقعی ہر کربلا کے بعد اسلام کو ایک نئی زندگی نصیب ہوتی ہے اور کفر ہمیشہ کے لیے ذلیل ہوکر رہ جاتا ہے۔ کتابیات نے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ (سعید اکرم)

قاضی حسین احمد کی دینی و سیاسی خدمات، کامران راجپوت۔ ناشر: شرکتہ الامتیاز، غزنی سٹریٹ، رحمٰن مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۶۸۔ قیمت (مجلد): ۲۲۰ روپے۔

زیرنظر کتاب میں محترم قاضی حسین احمد امیر جماعت اسلامی پاکستان کی دینی و سیاسی خدمات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ جائزہ قاضی صاحب کی شخصیت، سیاسی جدوجہد و حکمت عملی، ملکی و بین الاقوامی سیاست کے مختلف مراحل میں کردار، کشمیر، افغانستان، خلیج اور عراق پر موقف اور عملی جدوجہد، عالمی اسلامی تحریک کے احوال اور 'قاضی حسین احمد کے نظریات' جیسے عنوانات پر مشتمل ہے۔ قاضی صاحب کے بارے میں ہر مطبوعہ چیز اور ان کی ہر تحریر و بیان کو جمع کر دیا گیا ہے۔ اگرچہ اس طرح ان کی شخصیت، افکار اور جدوجہد کے بارے میں ایک تصویر اُبھر کر